12/03/2026

07.40 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔

خبروں کا بلیٹن لےکر میں سید تجمل اندرابی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے زرعی شعبے سے وابستہ خواتین کی حوصلہ افزائی کرنے پر دیا زور ۔

*........ وزیر اعظم نریندر مودی کل گوہاٹی آسام سے پردھان منتری کسان سمان ندھی کی 22 ویں قسط کریں گے جاری ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے SASCI کے تحت دردست لئے گئے کاموں کی پیش رفت کا لیا جائزہ ۔

اور

*........ مرکزی سرکار نے سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے کی جامع تحقیقات کرانے کا دلایا یقین ۔

مرمو

صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے کہا ہے کہ زرعی شعبے بالخصوص Agri Food سیکٹر کے ساتھ وابستہ خواتین میں لیڈرشپ خصوصیات کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے ۔

نئی دلی میں آج Role of Women in Agri Food System 2026 سے متعلق عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زرعی سیکٹر کی خواتین کو پالیسی سازی اورفیصلہ سازی کے ساتھ ساتھ قائدانہ رول بھی دیا جانا چاہئے ۔

-------

چوہان

وزیر اعظم نریندر مودی کل گوہاٹی آسام سے پردھان منتری کسان سمان نِدھی کی22 ویں قسط جاری کریں گے ۔

یہ جانکاری زراعت کے مرکزی وزیر شوراج سنگھ چوہان نے نئی دلی میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے دی ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم 9 کروڑ 22 لاکھ کسانوں کے بنک کے ذریعے 18 ہزار 640 کروڑ روپے منتقل کریں گے ۔ DBT کھاتوں میں

پر مبنی ڈیجیٹل پلیٹ فارم "بھارت وِستار" کے پہلے مرحلے AI انہوں نے کہا کہ حکومت نے کا بھی آغاز کیا ہے ۔

ایل جی

پولیس کے اہتمام سے منعقدہ پولیس کبڈی کلسٹر کی اختتامی تقریب میں آج لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شرکت کی ۔ انہوننے سٹیٹ پولیس فورسز اور CAPF سے وابستہ کھلاڑیونکی عزت افزائی کی ۔

عمر

Special Assistance to states for وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ایک میٹنگ کے دوران Capital investment- سکیم کے تحت در دست لئے گئے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا

وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر پروجیکٹوں کی موثر دیکھ ریکھ اور ان کی بر وقت تکمیل پر زور دیتے ہوئے افسروں کو ہدایت دی کہ سکیم کے فوائد زمینی سطح پر منصفانہ اور شفاف طریقے پر لوگوں تک پہنچائے جانے چاہیے۔

انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت رقومات کے منصفانہ اور بلا تاخیر تصرف کو یقینی بنایا جانا چاہئے ۔

ممبر ملاقات

اس دوران جمونمیں آج کئی ممبران اسمبلی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کرکے اُن کے ساتھ اپنے اپنے حلقوں کے ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔

سریندر

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج مکہ چوک بٹھنڈی جموں میں ایک نالے کے اوپر تعمیر ہونے والے پُل کا سنگ بنیاد رکھا ۔

نائب وزیر اعلیٰ نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ پُل کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ کام کے معیار کو بھی یقینی بنائیں ۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو مستحکم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔

جموں کشمیر کی تمام یونیورسٹیونمیں جاری تدریسی اور تحقیقی اقدامات کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیتے ہوئے انہوننے کہا کہ حکومت جموں کشمیر کو اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ایک اعلیٰ مرکز کے طور پر ابھارنے کے لئے کام کر رہی ہے ۔

میٹنگ میں مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں اور دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی ۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں مرحلہ وار طریقے پر مستقبل کے تقاضوں کے عین مطابق IT پارکس قائم کرنے سے متعلق منصوبے کا جائزہ لیا ۔

چیف سیکریٹری نے اس موقعہ پر کہا کہ ٹیکنالوجی مستقبل کی معیشت کو ایک نئی سمت دینے میں کلیدی رول ادا کرے گی ، لہٰذا یہ لازمی ہے کہ افرادی قوت کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرایا جائے ۔

فاروق

کل گریٹر کلاش جموں میں نیشنل کانفرنس کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے کی بڑے پیمانے پر مذمت کی جا رہی ہے ۔

اس تعلق سے ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ حملہ آور کو نہیں جانتے ہیں اور یہ کہ انہوں نے کسی کو کوئی تکلیف نہیں دی ہے ۔

-------

این سی مذمت

ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے کے تناظرمیں آج سرینگرمیں نیشنل کانفرنس کے صدر دفتر پر ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کی ۔ اس موقعے پر مقررین نے اس حملے کو جمہوری اقدار پر حملے کے مترادف قرار دیا ۔

حملے کی غیر جانبدرانہ تحقیقات کیلئے پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمدمیر نے ایک قرار داد پیش کی جسے متفقہ طور منظور کیا گیا ۔

چودھری

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر جموں میں ہوئے حملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعے کی تحقیقات کی جانی چاہئے ۔

میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

------

ناصر

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی جو حملے کے وقت نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری کے ساتھ ڈاکٹر فاروق عبداللہ کے ہمراہ تھے نے اس حملے کے تعلق سے میڈیا کو بتایا۔

------

محبوبہ

پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے  ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔ پی ڈی پی کی جانب سے نیوز روم کو دستیاب کیے گئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ لنک میں کہا گیا ہے کہ محبوبہ مفتی نے فاروق عبداللہ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ پولیس اس سکیورٹی لیپس کی تہہ تک جائے گی اور حقائق کو سامنے لائے گی ۔

-------

بیگ

PDP کے ایک سینئر لیڈر محبوب بیگ نے ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے پر تشویش ظاہر کی ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ اس سکیورٹی لیپس سے سکیورٹی نظام پر سوال کھڑا ہوتے ہیں۔

بخاری

اپنی پارٹی کے صدر سید محمد الطاف بخاری نے ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے کو قابلِ مذمت قرار دیا ہے ۔

میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا ۔

-------

BJPمذمت

بھارتیہ جنتا پارٹی نے بھی ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری پر ہوئے حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں پارٹی کے پردیش ترجمان ایڈوکیٹ سنیل سیٹھی نے اس واقعے کوبد قسمتی سے تعبیر کیا ہے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے کی مذمت کی ہے ۔

میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس حملے کی مکمل تحقیقات کی جانی چاہئے اور قصوروار کو سخت سزا دی جانی چاہئے ۔

ہمدانی مذمت

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے بھی اس حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل قرار دیا ہے۔

نڈا فاروق

نڈا نے ایوانِ کو یقین دہانی کرائی ہے کہ جموں و کشمیر کے JP راجیہ سبھا میں ایوان کے رہنما سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ پر ہوئے حملے کے پیچھے مکمل وجوہات جاننے کیلئے جامع تحقیقات کرائی جائے گی۔

اپوزیشن کے رہنما ملک ارجن کھڑگے کی جانب سے اٹھائے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے جے پی نڈّا نے کہا کہ حکومت اس معاملے کو بہت سنجیدگی سے لے رہی ہے۔

تاہم مرکزی وزیر نے اس معاملے کو سیاسی رنگ دینے کیلئے اپوزیشن کی نکتہ چینی بھی کی۔

-----

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں - Radiokashmir@gmail.com

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

رمضان

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ہمیں تقویٰ ، پرہیز گاری اور قربِ الٰہی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کے دکھ درد سمجھنے کا بھی موقعہ فراہم کرتا ہے۔

روزہ ہمیں خاص طور سے سماج کے کمزور طبقوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرنے کا بھی درس دیتا ہے۔

اس تعلق سے جب ہم نے عالم دین مفتی مبارک حسین نعمانی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

------

مفتی اعظم

جموں کشمیر کے مفتی اعظم مفتی ناصر الاسلام نے اعلان کیاہے کہ جمعتہ الوداع کی تقریب سعید کل منائی جائے گی ۔

انہوں نے اس موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی ہے ۔

**جمعتہ الوداع**

**جموں کشمیر وقف بورڈ کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ جمعتہ الوداع کی تقریب کل عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائے گی ۔**

**اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہو گی جہاں نماز جمعہ دوپہراڈھائی بجے ادا کی جائے گی ۔**

**نماز جمعہ سے پہلے درگاہِ عالیہ کے امام و خطیب مولوی ریاض الحق وعظ و تبلیغ فرمائیں گے ۔**

**ساگر**

**نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹر ی علی محمدساگر نے انتظامیہ سے تاکید کی ہے کہ جمعتہ الوداع اور شب قدر کے پیش نظر لوگوں کیلئے تمام سہولیات دستیاب رکھی جانی چاہیں۔**

**اننت ناگ**

**اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج سول انتظامیہ ، سکیورٹی ایجنسیوں اور بارڈر روڑز آرگنائزیشن کے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔**

**ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ڈپٹی کمشنر نے اس موقعہ پر یاترا کے احسن انعقاد کے لئے تمام محکموں کے باہمی اشتراک پر زور دیا ۔**

**بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈی سی اننت ناگ نے کہا ۔**

**----- -------**

**ڈے**

**ڈے ہے ۔ آج کے دن آنکھوں کو لگنے والی اس بیماری کے بارے میں Glaucoma آج ورلڈ ویک بھی Glaucoma لوگوں میں بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔ آج سے لے کر 18 مارچ تک ورلڈ منایا جارہا ہے۔**

**شعبے کے Ophthalmology اس تعلق سے ہم نے جب گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں پروفیسر اور ہیڈ ڈاکٹر جنید وانی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔**

**دن**

آج گردوں کو تحفظ دینے کا عالمی دن ہے ۔ آج کے دن گردوں کو محفوظ رکھنے کے لئے لازمی اقدامات کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔

اس دن کے موقعہ پر صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے گردونسے متعلق امراض کی روک تھام کیلئے جلد تشخیص کی اہمیت اُجا گر کی ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حفظان صحت تک رسائی کو بہتر بنانے کے اقدام کے طور پر حکومت نے پردھان منتری قومی Dailysis پروگرام کا آغاز کیا ہے۔

ست شرما

عوامی شکایات کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ انتظامی اصلاحات اور عوامی شکایات کا محکمہ جمونکشمیر سمیت تمام ریاستوں اور یوٹیز مینعوامی خدمات کے پورٹلز کی پیشرفت کا نیشنل ای سروس ڈیلوری ایسسمنٹ کے ذریعے جائزہ لے رہا ہے ۔

کے ممبر پارلیمنٹ ست شرما کے ایک سوال کے جواب میں بتائی BJP یہ بات آج راجیہ سبھا میں گئی۔ست شرما نے کہاکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار جموں کشمیر میں عوامی شکایات کے ازالے کے نظام کو مستحکم بنا رہی ہے۔

اشوک کول

پنچایت راج سیل کی ایک میٹنگ آج جموں میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن BJP اشوک کول کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر مقررین نے جمہوری اداروں کومستحکم کرنے میں پنچایتوں کے رول کو اجا گر کیا۔

دریں اثنا پارٹی کے لیڈروں بلدیوبلاوریہ اور گوپال مہاجن نے آج جموں میں پارٹی ہیڈ کواٹر والی ماتا کی Mindal"پر

©مہیما

نامی بجن کی رسم اجرائی انجام دی - "©

**تنویر صادق**

**نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج سرینگر کے باغوان پورہ لالبازار علاقے میں کیمونٹی ہال کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوننے کہا کہ اس سہولت سے لوگوں کی ایک دیرنہ مانگ پوری ہوگی۔**

**پولیس**

**گاندربل کے ایس ایس پی خلیل احمد پوسوال نے آج ایک میٹنگ کے دوران ضلعے کے مجموعی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے آنے والے تہواروں کے سلسلے میں سلامتی انتظامات کے بارے میں کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔**

**جموں پولیس**

**ادھمپور پولیس نے اننت ناگ سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون ڈرگ سمگلرکو گرفتار کیا ہے ۔**

**ڈوڈہ پولیس نے چوری کئے گئے دو لاکھ روپے مالیت کے سونے اور چاندی کے زیورات اور 50 ہزار روپے نقدی بر آمد کر کے ملزم کو گرفتار کیا ہے ۔**

**ACB**

**اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر نے میونسپل کارپوریشن سمبل بانڈی پورہ کے اس وقت کے ایگزیکیوٹیو آفیسر عبدالرشید شاہ اور دیگر تین افراد کے خلاف سپیشل جج اینٹی کورپشن بارہمولہ میں چارج شیٹ داخل کی ہے ۔ مذکورہ افسر اور دیگر ملزموں کے خلاف کورپشن ، جائز آمدنی سے زیادہ اثاثے جمع کرنے اور غیر قانونی طور تقرریاں عمل میں لانے کا الزام ہے ۔**

**سجاد گرفتار**

**اس دوران اینٹی کورپشن بیورو نے دیہی ترقی محکمہ بڈگام میں ٹکنیکل اسسٹنٹ سجاد احمدرینہ نریگا کے کام کی بل تیار اور واگذار MGکوگرفتار کیا ہے۔ اس کو شکایت کنندہ کے حق میں کرنے کے بدلے چالیس ہزار روپے کی رشوت لینے لیتے ہوئے گرفتار کیاگیا۔**

**کرائم برانچ**

Special antiنے17 ملزمان کے خلافEconomic offences wingکرائم برانچ کشمیر کی کورٹ بارہمولہ میں باضابطہ چارج شیٹ داخل کی ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ corruption صحت محکمے سے وابستہ مذکورہ اہلکاروں نے جعلی تقرری اور ٹرانسفر آرڈر اجراء کئے ہیں۔

**مالی امداد**

سپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کی مشن اولمپک سیل نے 169 ویں میٹنگ کے دوران معروف کے لئے مالی امداد کو منظوری دینے کے Sumit Nagal اور Yuki Bhambri کھلاڑی Tennis Target Asian سُریش کو Dhakshneswar ساتھ ساتھ ایک اور ابھرتے ہوئے کھلاڑی میں شامل کرنے کا فیصلہ کیاہے ۔ Games Group

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت18ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7 اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 اعشاریہ8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 44 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر36منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ